قادیانی سے زمین ٹھیکے پر لینا

مجیب: مولانا محمد ماجد رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3100

تاریخ اجراء: 21 ربیع الاوّل 1446ھ / 24 ستمبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ایک سنی صحیح العقیدہ کاشت کے لیے قادیانی سے اس کی زمین ٹھیکے پر لیتا ہے جبکہ یہ سنی ان کے کسی پروگرام و تقریبات میں نہیں جاتا اور نہ ہی عقائد کے لحاظ سے کوئی سمجھوتہ کرتا ہے، اپنی روزی کماتا ہے اور ٹھیکے کے پیسے اس کو دیتا ہے، اس کے علاوہ وہ اس سے کوئی بات نہیں کرتا اور اس کو کافر جانتا ہے، شرعی رہنمائی درکار ہے کہ کیا وہ قادیانی سے کاشت کے لیے اس کی زمین ٹھیکے پر لے سکتا ہے یا نہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَایَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

سنی صحیح العقیدہ شخص کے لیے قادیانی سے اس کی زمین کاشت کے لیے ٹھیکے پر لینا جائز نہیں ہے کہ قادیانی کافر و مرتد ہیں اور مرتد سے کسی طرح کا معاملہ جائز نہیں ہے۔

امام اہلسنت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں: "قادیانی مرتد ہیں، ان کے ہاتھ نہ کچھ بیچا جائے، نہ ان سے خریدا جائے، ان سے بات ہی کرنے کی اجازت نہیں۔ نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فرماتے ہیں: "ایاکم وایاھم" ان سے دور بھاگو انہیں اپنے سے دور رکھو۔" (فتاوی رضویہ، جلد 23، صفحہ 598، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں: "موالات مطلقاً ہر کافر ہر مشرک سے حرام ہے۔۔۔ اور معاملتِ مجردہ سوائے مرتدین ہر کافر سے جائز ہے، جبکہ اس میں نہ کوئی اعانتِ کفر یا معصیت ہو، نہ اِضرارِ اسلام و شریعت (ہو)۔" (فتاوی رضویہ، جلد 14، صفحہ 432، 433، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

مزید ایک مقام پر فرماتے ہیں: "اس (مرتد) کے ساتھ کوئی معاملہ مسلمان بلکہ کافر ذمی کے مانند بھی برتاؤ جائز نہیں، مسلمانوں پر لازم ہے کہ اٹھنے بیٹھنے کھانے پینے وغیرہ تمام معاملات میں اسے بعینہٖ مثل سوئر کے سمجھیں۔۔۔

قال اللہ تعالیٰ﴿وَمَنْ یَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ﴾ترجمہ: جو کوئی تم میں سے ان سے دوستی رکھے گا، تو وہ یقیناً انہی میں سے ہو گا۔(فتاوی رضویہ، جلد24، صفحہ320، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net